COVID-19 کی ٹیسٹنگ: عمومی سوالات (FAQ)

ٹیسٹ کی دو اہم اقسام ہیں:

- **تشخیصی ٹیسٹ**: سواب یا تھوک کے ٹیسٹ اس چیز کی نشاندہی کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں کہ آیا کسی کو **اس وقت** COVID-19 ہے (یعنی، آیا وہ اس وقت بیمار ہیں)۔
- **اینٹی باڈی ٹیسٹ** (جن کو **سیرولوجی ٹیسٹ** بھی کہا جاتا ہے): خون کے ٹیسٹ اس بات کی نشاندہی کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں کہ آیا کسی کو **ماضی** میں کسی وقت COVID-19 تھا۔

موجودہ انفیکشن جانچنے کے لیے تشخیصی ٹیسٹ

تشخیصی ٹیسٹنگ کیسے کی جاتی ہے؟

تشخیصی ٹیسٹ آپ کے ناک یا گلے میں سواب (لمبی Q-tip کی طرح) ڈال کر یا تھوک کا نمونہ لے کر کیا جاتا ہے۔ اگرچہ کچھ ٹیسٹ نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے دفتر میں بھی مکمل کیے جا سکتے ہیں، عام طور پر سواب یا تھوک کے نمونوں کو لیبارٹری بھیجوانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر آپ کو COVID-19 کی علامات درپیش ہیں تو اپنے ٹیسٹ کا نتیجہ آنے تک آپ کو جتنا زیادہ ممکن ہو گھر میں ہی رہنا چاہیے (اور اگر ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آ جائے تو ایسا کرنا جاری رکھنا چاہیے)۔

COVID-19 کا تشخیصی ٹیسٹ کس کو کروانا چاہیے۔

نیویارک کے تمام باشندوں کو COVID-19 کا ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ اگر آپ کو علامات درپیش ہیں، آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے تھے جس میں COVID-19 کی تشخیص ہوئی تھی یا ان کو COVID-19 کی علامات درپیش تھیں، حال ہی میں کسی احتجاج یا بڑے اجتماع میں موجود تھے، کسی ایسے شخص سے ملنے کا ارادہ کر رہے ہیں جن کو شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہے، کسی گروپ والی رہائشی ترتیب (جیسے نرسنگ ہوم) میں رہتے یا کام کرتے ہیں، یا نگہداشت صحت میں کام کرتے ہیں یا ایسی ملازمت کرتے ہیں جس میں اکثر دوسروں سے قریبی رابطہ رہتا ہے، تو تب خاص طور پر ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔ ٹیسٹ کروانے کا مقام تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/covidtest** ملاحظہ کریں۔

تشخیصی ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کا کیا مطلب ہے؟

تشخیصی ٹیسٹ کے **مثبت** نتیجے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو **غالبا اس وقت COVID-19 ہے** اور آپ کو گھر میں رہنا چاہیے اور وائرس پھیلانے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے احتیاطی تدابیر برتنی چاہیے، بشمول چہرے پر نقاب پہننا، ہاتھوں کی اچھی حفظان صحت اور جسمانی دوری پر عمل کرنا۔ بیمار ہونے پرکیا کرنا چاہیے، دوسروں کی حفاظت کیسے کریں، آپ کب گھر سے نکل سکتے ہیں، اور نگہداشت کب حاصل کریں، اس کے بارے میں معلومات **nyc.gov/health/coronavirus** پر دستیاب ہیں۔

تشخیصی ٹیسٹ کے منفی نتیجے کا کیا مطلب ہے؟

تشخیصی ٹیسٹ کے **منفی** نتیجے کا مطلب ہے کہ آپ کو زیادہ ممکنہ طور پر COVID-19 **نہیں** ہے۔ آپ کو ہاتھوں کی اچھی حفظان صحت اور جسمانی دوری پر عمل کرنا اور چہرے پر نقاب پہننا جاری رکھنا چاہیے۔ یہ خاص طور پر اہم ہے اگر آپ کو علامات درپیش ہیں کیونکہ یہ ممکن ہے کہ آپ کو وائرس ہو لیکن ٹیسٹ نے اس کا پتہ نہیں لگایا ہو۔

ماضی میں ہوئی انفیکشن کے لیے اینٹی باڈی ٹیسٹ

اینٹی باڈیز کیا ہوتی ہیں؟

اینٹی باڈیز خصوصی پروٹین ہیں جن کو جسم انفیکشن سے لڑنے میں مدد کے لیے تیار کرتا ہے۔ یہ اس وقت بھی پیدا ہو سکتی ہیں اگر کسی کو علامات کم ہیں یا نہیں ہیں۔ انفیکشن کے بعد اینٹی باڈیز کے بننے اور ان کے خون میں پائے جانے کا معلوم ہونے میں عام طور پر کچھ وقت لگتا ہے۔ بعض اوقات اینٹی باڈیز ہمیں دوبارہ اسی انفیکشن کے ہونے سے بچاتی ہیں، لیکن **ہمیں ابھی تک یہ معلوم نہیں ہے کہ آیا یہ COVID-19 کے کیس میں بھی ہوتا ہے یا نہیں۔** ہم ابھی تک یہ بھی نہیں جانتے ہیں کہ جب کسی کو COVID-19 ہو تو اینٹی باڈیز کتنی جلدی پیدا ہو جاتی ہیں یا لوگوں کی جانب سے انفیکشن کے جواب میں پیدا کی جانے والی اینٹی باڈیز کی مقدار اور قسم میں ممکنہ طور پر کیا فرق ہو سکتا ہے۔

COVID-19 کی اینٹی باڈی ٹیسٹنگ کا مقصد کیا ہے؟

اینٹی باڈی کی ٹیسٹنگ سے ہمیں COVID-19 کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے، اس میں یہ بھی شامل ہے کہ جسم وائرس پر کس طرح کا رد عمل دیتا ہے اور علامتوں کے ساتھ وائرس کتنی بار انفیکشن کا سبب بنتا ہے۔ اس سے یہ اندازہ لگانے میں بھی مدد مل سکتی ہے کہ کتنے لوگوں کو COVID-19 رہا تھا۔ **یہ ٹیسٹ صحت عامہ صحت کے لیے اہم ہیں لیکن ذاتی صحت کے لیے انکی کی تشریح کرنا مشکل ہے کیوں کہ ہم ابھی تک یہ نہیں جان سکے ہیں کہ آیا یہ اینٹی باڈیز لوگوں کو وائرس کے خلاف مدافعت فراہم کرتی ہیں۔**

اینٹی باڈی ٹیسٹ کون کروا سکتا ہے؟

جب کوئی بیمار ہوتا ہے تو اینٹی باڈیز کو نشوونما کرنے میں وقت لگتا ہے، لہذا جو شخص بیمار ہے یا حال ہی میں بیمار تھا اس کے لیے اینٹی باڈیز کی ٹیسٹنگ درست نہیں ہو گی۔ اینٹی باڈی ٹیسٹنگ کسی ایسے شخص پر **نہیں** ہونی چاہیے جس کو COVID-19 کی علامت درپیش ہیں، پچھلے دو ہفتوں میں COVID-19 کی علامت تھیں، یا پچھلے دو ہفتوں کے اندر (نمونہ لینے کی تاریخ کی بنیاد پر) COVID-19 کا تشخیصی ٹیسٹ (سواب یا تھوک والا) مثبت آیا تھا۔

اینٹی باڈی ٹیسٹنگ کیسے کی جاتی ہے؟

اینٹی باڈی کی ٹیسٹنگ میں آپ کی انگلی میں چھوٹا سا سوراخ کر کے خون کا نمونہ حاصل کرنا ہوتا ہے یا آپ کے بازو میں رگ سے خون نکالنا ہوتا ہے۔ اس کے بعد آپ کے خون کا نمونہ لیبارٹری میں بھیج دیا جائے گا۔

اینٹی باڈی ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کا کیا مطلب ہے؟

ٹیسٹ کے **مثبت** نتیجے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے خون میں اینٹی باڈیز کی موجودگی کا پتہ چلا ہے اور یہ کہ **آپ کو ماضی میں کسی موقع پر ممکنہ طور پر COVID-19 ہوا تھا**۔ تاہم، یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کو COVID-19 نہیں ہوا ہو اور ملنے والی اینٹی باڈیز کسی متعلقہ وائرس سے ہونے والے انفیکشن کی وجہ سے ہوں۔ اسے بعض اوقات غلط مثبت کہا جاتا ہے۔

اگر میرے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ مجھ میں COVID-19 کے خلاف مدافعت پیدا ہو گئی ہے؟

ابھی ہم اس بارے میں نہیں جان پائے ہیں کہ آیا COVID-19 کے جواب میں بننے والی اینٹی باڈیز ہمیں اس بیماری کے دوبارہ ہونے سے تحفظ فراہم کرتی ہیں یا اگر کوئی تحفظ ہے تو یہ کتنا عرصہ تک موجود رہتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ جسمانی فاصلہ رکھنا، اچھی طرح سے ہاتھ کی حفظان صحت پر عمل کرنا اور چہرے پر نقاب پہننا جاری رکھیں۔

اینٹی باڈی ٹیسٹ کے منفی نتیجے کا کیا مطلب ہے؟

منفی نتیجے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے خون میں اینٹی باڈیز نہیں پائی گئیں اور یہ کہ امکان یہی ہے کہ آپ کو پہلے COVID-19 **نہیں** رہا۔ تاہم، اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کو COVID-19 رہا تھا لیکن:

- اینٹی باڈیز کو نشوونما کے لیے مناسب وقت نہیں ملا ہے، **یا**
- آپ کے جسم نے اتنی اینٹی باڈیز نہیں بنائیں کہ انکا ٹیسٹ سے پتہ چل سکے، **یا**
- اینٹی باڈی کے لیے استعمال کیے گئے ٹیسٹ کی درستگی کے حوالے سے مسائل تھے۔

اگر میرا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو کیا میرے لیے اپنے خاندان اور دوسروں کے آس پاس رہنا محفوظ ہے؟

ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ماضی میں کسی موقع پر ممکنہ طور پر COVID-19 ہوا تھا۔ وقت گزر جانے کے پیش نظر آپ اس انفیکشن سے اب مزید متعدی نہیں ہوسکتے ہیں۔ تاہم، ہم ابھی تک نہیں جانتے کہ کیا آپ کو دوبارہ COVID-19 ہو سکتا ہے یا نہیں۔

کیا میرے ٹیسٹ کے نتیجے سے اس بات پر اثر پڑے گا کہ آیا میں کام پر جا سکتا ہوں؟

نہیں۔ ٹیسٹ کا مثبت یا منفی نتیجہ آپ یا آپ کے آجر کی جانب سے اس حوالے سے کوئی فیصلہ کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے کہ آیا آپ کو کام پر جانا چاہیے یا نہیں۔ آپ کے ٹیسٹ کے نتیجے سے قطع نظر آپ کو چہرے پر نقاب پہننا اور اپنے آجر کی جانب سے تجویز کردہ ذاتی حفاظتی سامان استعمال کرنا جاری رکھنا چاہیے۔

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔

7.13.20